تصویرستان کا

Music By
Iqbal Qureshi

پنچایت

کہانی
اور
گانے

पंचायत

اداکاران

پنڈھری بائی۔ شیاما
راجکمار۔ جیون

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری — رام داس اور چرن داس جگری دوست ہیں دوستی کا رشتہ اور مضبوط کرنے کے لیے رام داس نے اپنی چھوٹی بیٹی رادھا کی سگائی چرن داس کے لڑکے گوپال سے کر دی — آگے پردہ پر دیکھیں —

پنچایت کے گانے

گانا نمبر ۱

مل کے بیٹھو جوڑو بندھن
کسی کو ہو جو کبھی شکایت، اپنی پنچایت کر لو
چھوڑو کچہری چھوڑو عدالت گھر کی پنچایت کر لو — چھوڑ دو....
چھوٹی بات کو بڑا بنا دو نہ تم، دھرتی ماں کی تمہیں قسم
اپنے جھگڑے اپنے جھگڑے آپ ہی مل کر ختم کر دو
بیٹھ کے پھر مل کے بانٹ لو سب کا، پھوٹ دلوں کی ختم کر دو
کھوٹ دلوں میں رہنے نہ پائے — دھرتی ماں......
ایک اور ایک ہو جائے گیارہ، بچھڑ گئے تو ایک ہی ایک
باپو کا اپدیش نہ بھولو۔ مل کر گاؤ ہم سب ایک
پھوٹ کی بنیادوں کو ہلا دو — دھرتی ماں....
جنگ کے شعلے دور ہٹا دو امن کے دیپ جلاؤ تم
دیش نہیں دنیا کو بچا لو۔ مانوتا پھیلا کے تم
دشمن کو بھی گلے لگا لو — دھرتی ماں...
جھوٹ بھیانک اندھیارا سچائی ہے اجیالا

سانچ کو آنچ کبھی نہ آئے۔ جھوٹے کا ہو منہ کالا
سچائی کا پکڑو دامن — دھرتی ماں...

گانا نمبر ۲

تانجھیا کرنے آنا۔ او جادوگر مورے سیّاں
کیر دل کی لگی بجھانا۔ او جادوگر مورے سیّاں
تم سامنے تو آجاؤ۔ دے دیں گے دل نذرانہ
دل کیا ہے جان بھی لے لو۔ آجانا کر کے بہانا
اب آؤ نا تڑپاؤ نا۔ آجاؤ نا شرماؤ نا
تانجھیا کرنے آنا ———

نظروں میں سما تو چکے ہو۔ اب دل میں کر لو بسیرا
سب جانیں تو بھی نہ جانے۔ میں تیری ہوں تو میرا
اب آؤ نا تڑپاؤ نا۔ آجاؤ نا شرماؤ نا
تانجھیا کرنے آنا ———

میں صدقے اُن راہوں کے۔ جن راہوں سے وہ آئے
میں مانگوں یہی دعائیں۔ یہ راہیں کم ہو جائیں
اب آؤ نا تڑپاؤ نا۔ آجاؤ نا شرماؤ نا
تانجھیا کرنے آنا ———

گانا نمبر ۳

لڑکا۔ حال یہ کر دیا ظالم تیرے تڑپانے نے
آگ دامن میں لگا دی تیرے دیوانے نے
لڑکی۔ یہ بھی ڈر لگتا ہے بدنام نہ ہو جائیں کہیں

پیار کی باتیں جو سُن لیں کسی بیگانے نے

لڑکا:۔ جیتے رہنا تیری چاہت میں کوئی کھیل نہیں
مار ڈالا مجھے ظالم تیرے سمجھانے نے

لڑکی:۔ جی تو چاہتا ہے کہ جی بھر کے تجھے پیار کروں
پر مجھے روک لیا ہے میرے شرمانے نے

لڑکا:۔ رُت نئی آئی ہے اور پیار کے دِن لائی ہے

دونوں:۔ اور بھی کر دیا جادو تیرے شرمانے نے
آگ دامن میں لگا لی تیرے دیوانے نے

گانا نمبر ۲:۔ چھنک چھنک ٹھنک ٹھنک ترام چھی چھیا
زندگانی رُت سہانی پیار کی کہانی
کیا اگر بگی زندگی جو دِل کہیں مچل گیا
یہ نظارے یہ اشارے بن گئے سہارے
جب نگاہیں مل گئیں تو دِل پہ وار چل گیا
یہ ادائیں دِل لبھائیں۔ خود کو بھول جائیں
کچھ پتہ نہیں ہے اور دِل سے دِل بدل گیا

گانا نمبر ۳:۔ میں یہ سوچ کر اُس کے در سے اُٹھا تھا
کہ وہ روک لیگی منا لے گی مجھ کو
ہواؤں میں لہراتا آتا تھا دامن
کہ دامن پکڑ کر بٹھا لے گی مجھ کو
قدم ایسے انداز سے اُٹھ رہے تھے
کہ آواز دے کر بلا لے گی مجھ کو

میں یہ سوچ کر

کہ وہ روک لے گی منا لے گی مجھ کو

مگر اُس نے روکا نہ مجھ کو منایا

نہ دامن ہی پکڑا نہ مجھ کو بٹھایا

نہ آواز ہی دی نہ مجھ کو بلایا

میں آہستہ آہستہ بڑھتا ہی آیا

یہاں تک کہ اُس سے جُدا ہو گیا میں۔ جدا ہو گیا میں ...

گانا نمبر۶:۔ تیری یاد دل سے بھلایا جائے نا

کہ اِک پل بھی تجھ بن جیا جائے نا

جدائی میں تیری میں رو رو مروں۔ مگر غم کسی کو دیا جائے نا

دھڑکنے سے دل کے پتا چل گیا۔ محبت نہ ہو تو جیا جائے نا

تو اپنے دیوانے کو آ کر تو دیکھ

کہ دامن پھٹے اور سیا جائے نا

تیری یاد دل سے بھلا جائے نا

گانا نمبر ۷

چاچی اکڑ گئی جی۔ چاچی بگڑ گئی۔ بیٹھ پکڑ گئی

چاچو ڈرنے لگا۔ آہیں بھرنے لگا۔ بیٹیاں پڑنے لگا

چاچی کا منہ لال ہو گیا۔ پھول سے کپا گوں ہو گیا

آہا جی آہا کیسا حال ہو گیا

چاچو کو بھی تاؤ آ گیا۔ چاچی کا دل جھٹ پلٹا گیا

آہا جی آہا بڑا مزا آ گیا

چاچو چی کے ہوش اُڑ گئے۔ کھلتے کھلتے ہونٹ جڑ گئے
آہا جی آہا چلتے چلتے ہی اُڑ گئے

چاچو کا دل ہوا بیٹھا نے۔ رو بیٹھی چاچی لگا منانے
آہا جی آہا چاچی نہ مانے

گانا نمبر ۸۔ پیاری میری رام دُلاری۔ پیاری میری رام دُلاری
یہی ہے میری دُنیا ساری۔ یہی ہے میری دُنیا ساری
پیاری کی انکھیں دیکھو۔ ہونٹ پیاری کی
ہائے۔ ہائے ——
پیاری کی انکھیں دیکھو لیمو کی پھانکیں دیکھو
ہائے ہائے —— پیاری میری ——
پیاری کے گال دیکھو جی۔ ٹماٹر لال دیکھو جی
پیاری میری —— یہی ہے میری دُنیا ساری
سب سے پہلے میں اس کی ناک کا دیوانہ ہوا
جب نگاہیں ملیں مشہور یہ افسانہ ہوا
پھر۔۔۔۔ پیاری میری رام دُلاری ——
پیاری کے کان دیکھو۔ اودلیسی پان دیکھو —— پیاری میری۔۔
پیاری کے ہونٹ دیکھو۔ ہری ہری مونچھ دیکھو۔ پیاری ——
پیاری صورتیا من کو بھائے بھائے بل بل جاؤں
ایسی صورتیا جیسی صورتیا
پیاری صورتیا من کو بھائے
میری پیاری —— یہی ہے میری دُنیا ساری

گانا نمبر ۹

آئی آئی بہار آجا رے ۔ کر کے سولہ سنگار آجا رے
کوئی جیت گیا جی کوئی جیت گیا ۔ کوئی ہار گیا جی کوئی ہار گیا
دل کیسے بار بار آج رے ۔ کر کے سولہ سنگار آجا رے
کوئی گانے لگا جی کوئی گانے لگا ۔ کوئی رونے لگا جی کوئی رونے لگا
مان کے اپنی ہار آج رے ۔ کر کے سولہ سنگار آجا رے
کوئی خوش ہے یہاں جی کوئی خوش ہے یہاں
کوئی تڑپے وہاں جی کوئی تڑپے وہاں
بولے پائل ہماری آجا رے ۔ کر کے سولہ سنگار آجا رے
آئی آئی بہار آجا رے ——

گانا نمبر ۱۰ — میں کن گن گاؤں تیرا تو ہی نشان میرا
جلے جوت جگ میں میرے گھر اندھیرا
ایکھیوں کی ماری کہاں اور جائے
یہ سنسار کی لاج کہاں تک نبھائے
زمانہ نہ سمجھے جو ہے حال میرا —— جلے جوت ——
بہت دکھ کے دن ہیں ۔ بہت دکھ کی راتیں ہیں
ہیں اپنے ہی دشمن سنے کون باتیں
زبان بند میری سہارا ہے تیرا ۔ جلے جوت ——
بھلائی کے بدلے ملی ہے برائی ۔ بنی میں تماشا ہوئی جگ ہنسائی
سمجھ میں نہ آیا یہ انصاف تیرا —— جلے جوت ——

ختم شد

اسلامی لٹریچر کی کتابیں

رکن الدین 2/-/-	صبح کا ستارہ -/12/-
قصص الانبیاءؑ 3/-/-	قیامت نامہ -/8/-
ہزار مسائلؒ -/12/-	بہشتی زیور اول حصہ -/12/-
فسانہ آدم -/8/-	بہشتی زیور مکمل 4/-/-
شہید کربلا -/4/-	معراج رسول -/8/-
قصہ حضرت ایوب -/8/-	ضرورت المسلمین -/6/-
نور نامہ معہ کلمہ نامہ -/3/-	سخاوت نامہ -/3/-
نور نامہ کلاں -/3/-	نماز کا میل -/3/-
صبر فاطمہ -/8/-	رسالہ بے نمازاں -/5/-

عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں

عملیات تسخیر عالم 3/-/-	عملیات لچھمی کرن 2/-/-
عملیات تسخیر محبوب 1/8/-	اُستاد جادوگراں 3/-/-
عملیات قلوب 2/-/-	مکمل جادوگری 2/8/-
اندر جال 1/4/-	رہنما جادوگری 1/4/-
چین بنگال کا جادو -/12/-	جادو مسمریزم 2/-/-
کامروپ کا جادو -/12/-	کالا جادو 4/-/-

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی